رول نمبر: _______________

جوابی کاپی نمبر: _____________

**سالانہ امتحان 2025ء/1446ھ**

کنزالمدارس بورڈ انٹرنیشنل

درجہ: **عالیہ سال اول** | پرچہ: **پہلا** | مضمون: **التفسیر**

تاریخ: **01-02-2025** | دن: **ہفتہ** | کل وقت: **2 گھنٹے 30 منٹ** | کل نمبر: **75**

KANZUL MADARIS BOARD

## حصہ انشائیہ:

## مختصر سوالات (Short Questions)

**نوٹ: کل 15 سوالات کا حل مطلوب ہے۔ ہر سوال کے 03 نمبر ہیں۔ (15x3=45)**

سوال نمبر 1: یہود کن چیزوں کا انکار کرتے ہیں؟

سوال نمبر 2: ﴿ان الذين كفروا وظلموا﴾ میں "وظلموا" سے کون سے ظلم مراد ہیں؟ کفار نے نبی کریم ﷺ کے ساتھ کیا ظلم کیا تھا؟

سوال نمبر 3: "الحُرُم" کس کی جمع ہے؟ اور آیت میں اس سے کیا مراد ہے؟

سوال نمبر 4: ذبح کے وقت کفار کن بتوں کا نام لیتے تھے؟

سوال نمبر 5: ﴿إِذَا قُمتُم إِلَى الصَّلوةِ﴾ کی مفسر نے کیا تفسیر بیان کی ہے؟

سوال نمبر 6: ﴿قَالَ إِنَّمَا يَتَقَبَّلُ اللهُ مِنَ الْمُتَّقِينَ﴾ کی مفسر نے کیا تفسیر کی ہے؟

سوال نمبر 7: ﴿وَالسَّارِقُ وَالسَّارِقَةُ﴾ کی نحوی تفسیر (تفسیر مدارک) کی روشنی میں کیجئے۔

سوال نمبر 8: ﴿وَابْتَغُوْٓا إِلَيهِ الْوَسِيلَةَ﴾ میں لفظ "الْوَسِيلَةَ" کی مفسر نے کیا تفسیر بیان کی؟

سوال نمبر 9: "قدم التعذيب على المغفرة هنا لتقدم السرقة على التوبة" ترجمہ کرتے ہوئے غرض مفسر بیان کیجئے۔

سوال نمبر 10: ﴿يَحكُمُ بِهَا النَّبِيُّونَ الَّذِينَ أَسلَمُوا لِلَّذِينَ هَادُوا وَالرَّبّٰنِيُّونَ وَالأَحبَارُ﴾ آیت میں "الرَّبّٰنِيُّونَ وَالأَحبَارُ" کا عطف کس چیز پر ہے؟ اور ان سے مراد کون ہیں؟

سوال نمبر 11: ان دو منافقین کے نام ذکر کیجئے، جو اسلام لانے کے بعد منافق ہو گئے، اور ان سے دوستی کرنے سے منع کیا گیا ہے؟

سوال نمبر 12: "مغلولة" کا لفظ اللہ تعالی کے لیے کن لوگوں نے استعمال کیا اور وہ اس سے کیا مراد لیتے تھے؟

سوال نمبر 13: "المخيط، مِهاد اور غواش" کا معنی بیان کیجئے۔

سوال نمبر 14: ﴿قُل إِنَّ صَلَاتِي وَنُسُكِي﴾ کی تفسیر بیان کیجئے۔

سوال نمبر 15: ﴿وَالنَّخلَ وَالزَّرعَ مُختَلِفًا أُكُلُهُ﴾ کی تفسیر بیان کیجئے۔

سوال نمبر 16: ﴿نَرفَعُ دَرَجٰتٍ مَّن نَّشَآءُ﴾ اس آیت میں معتزلہ کے کس قول کا رد ہے؟

سوال نمبر 17: جنوں اور انسانوں نے ایک دوسرے سے کون سے فوائد حاصل کیے؟

سوال نمبر 18: "معروشات" اور "غیر معروشات" سے کیا مراد ہے؟

سوال نمبر 19: ﴿قُل هُوَ القَادِرُ عَلَىٰٓ أَن يَبعَثَ عَلَيكُم عَذَابًا مِّن فَوقِكُم﴾ میں "القَادِرُ" کی تفسیر بیان کیجئے۔

سوال نمبر 20: "حَنِيْفًا" کی مفسر نے کیا تفسیر بیان کی ہے؟

## طویل سوالات (Long Questions)

**نوٹ: کل 03 سوالات کا حل مطلوب ہے۔ ہر سوال کے 10 نمبر ہیں۔ (3x10=30)**

سوال نمبر 1: ﴿فَلَمَّا رَاَ الشَّمسَ بَازِغَةً قَالَ هٰذَا رَبِّي﴾ کی مفسر نے کیا تفسیر بیان کی ہے؟

سوال نمبر 2: نجاشی کے دربار میں حضرت جعفر بن ابی طالب کا نجاشی کے ساتھ مکالمہ تحریر کیجئے۔

سوال نمبر 3: حضرت عیسی علیہ السلام کو مسیح کہنے کی مفسر نے کیا وجوہ بیان کی، نیز یہودیوں کا مسیح علیہ السلام کے بارے میں اختلاف تحریر کیجئے۔

سوال نمبر 4: ﴿قُل ءَآلذَّكَرَينِ حَرَّمَ أَمِ الأُنثَيَينِ﴾ میں "الذَّكَرَينِ" اور "الأُنثَيَينِ" سے کیا مراد ہے؟ نیز ہمزہ انکاری کی صورت میں اس آیت کا معنی بیان کر دیجئے۔

سوال نمبر 5: ﴿خَلَقتَنِي مِن نَّارٍ وَخَلَقتَهُ مِن طِينٍ﴾ اس آیت کی روشنی میں مفسر کی بیان کردہ آگ اور مٹی کی چند خصوصیات تحریر کیجئے۔

رول نمبر: ____________

دستخطِ اُمیدوار: __________

**سالانہ امتحان 2025ء/1446ھ**

کنزالمدارس بورڈ انٹرنیشنل

درجہ: **عالیہ سال اول** | پرچہ: **پہلا** | مضمون: **التفسیر**

تاریخ: **01-02-2025** | دن: **ہفتہ** | کل وقت: **30 منٹ** | کل نمبر: **25**

امتحانی سنٹر: ____________ دستخط نگران امتحانی سنٹر: ____________ دستخط مفتش: __________

KANZUL MADARIS BOARD

## حصہ اول: معروضی

## کثیر الانتخابی سوالات (MCQ's)

**نوٹ: تمام سوالات کا حل مطلوب ہے۔ ہر سوال کا 01 نمبر ہے۔ (25x1=25)**

سوال نمبر1: ﴿فَأَخَذَتهُمُ الصّٰعِقَةُ﴾ میں "الصّٰعِقَةُ" سے۔۔۔ مراد ہے۔

(الف) عذاب ہائل (ب) نار محرقہ (ج) الف، ب دونوں (د) بجلی کی کڑک

سوال نمبر2: ﴿مِن بَعدِ مَا جَآءَتهُمُ البَيِّنٰتُ﴾ میں "البَيِّنٰتُ" سے۔۔۔ مراد ہے۔

(الف) تورات (ب) انجیل (ج) المعجزات التسع (د) الف اور ج دونوں

سوال نمبر3: ﴿فَبِمَا نَقضِهِم﴾ میں "مَا"۔۔۔ کے لیے ہے۔

(الف) تاکید (ب) نفی (ج) استفہام (د) ان میں سے کوئی نہیں

سوال نمبر4: حضرت عیسیٰ علیہ السلام کو مسیح کہنے کی امام نسفی نے۔۔۔ وجوہ بیان کی ہیں۔

(الف) 04 (ب) 03 (ج) 02 (د) 01

سوال نمبر5: حضرت عیسیٰ علیہ السلام کے بارے میں اختلاف کرنے والے۔۔۔ تھے۔

(الف) یہود (ب) نصاریٰ (ج) دونوں کا قول ہے (د) دونوں ہی نہیں

سوال نمبر6: صالح علیہ السلام کا تعلق۔۔۔ سے تھا۔

(الف) یونان (ب) عجم (ج) عرب (د) افریقہ

سوال نمبر7: علی بن حسین بن واقد نے۔۔۔ کے عیسائی غلام کو اسی کی مجلس میں لاجواب کیا۔

(الف) ولید (ب) عالمگیر (ج) مامون (د) ہارون الرشید

سوال نمبر8: عرش کے ارد گرد رہنے والے فرشتوں میں۔۔۔ شامل ہیں۔

(الف) حضرت جبرائیل علیہ السلام (ب) حضرت میکائیل علیہ السلام (ج) حضرت اسرافیل علیہ السلام (د) یہ تینوں

سوال نمبر9: انبیاء علیہم السلام کے خواص ملائکہ کے خواص سے۔۔۔ ہیں۔

(الف) برابر (ب) افضل (ج) کم (د) ان میں سے کوئی نہیں

سوال نمبر10: "الحيرة" کا معنی ہے۔

(الف) ظلمت (ب) روشنی (ج) حیرت (د) انکار

سوال نمبر11: "المنخنقة" کا مطلب ہے۔

(الف) گر کر مر جائے (ب) گلا گھونٹ کر مارا گیا (ج) پتھر مار مار کر مارا گیا (د) کسی نوکیلی چیز سے مارا گیا

سوال نمبر12: "مخمصة" کا معنی ہے۔

(الف) بھوک (ب) سیر ہونا (ج) پیاسا ہونا (د) سست ہونا

سوال نمبر13: درندوں کو حدیث پاک میں ۔۔۔کا نام دیا گیا ہے۔

(الف) کلب (ب) بقرۃ (ج) ذئب (د) أسد

سوال نمبر14: نبی کریم ﷺ اور صحابہ کرام رضی اللہ عنہم ۔۔۔کے لیے وضو کرتے تھے۔

(الف) فجر (ب) عشاء (ج) ہر نماز (د) ہر دن

سوال نمبر15: "إلی "۔۔۔کا فائدہ دیتا ہے۔

(الف) ابتدا (ب) الصاق (ج) مطلق غایت (د) ان میں سے کوئی نہیں

سوال نمبر16: ﴿وَعَدَاللّٰهُ الَّذِينَ اٰمَنُواْ وَعَمِلُواْ الصّٰلِحٰتِ﴾، میں "وَعَدَ" متعدی ہے۔

(الف) بیک مفعول (ب) بدو مفعول (ج) بسہ مفعول (د) ان میں سے کوئی نہیں

سوال نمبر17: "مبطوش" کا معنی ہے۔

(الف) کھولنا (ب) جسے پکڑا جائے (ج) جسے کھولا جائے (د) جسے روکا جائے

سوال نمبر18: ﴿وَجَعَلنَا قُلُوبَهُم قٰسِيَة﴾ میں "قٰسِيَة" کو پڑھنے کی ۔۔۔ قراءات ہیں۔

(الف) 01 (ب) 02 (ج) 03 (د) 04

سوال نمبر19: ملک اور نبوۃ ۔۔۔ ہیں۔

(الف) متنافی (ب) متساوی (ج) متقابل (د) ان میں سے کوئی نہیں

سوال نمبر20: ارض مقدسہ سے مراد ہے۔

(الف) بیت المقدس (ب) شام (ج) شام و دمشق (د) بیت المقدس یا شام

سوال نمبر21: قابیل نے جس عورت پر حسد کیا، اس کا نام ۔۔۔ تھا۔

(الف) حمیرا (ب) اقلیما (ج) قلیمہ (د) ہانیہ

سوال نمبر22: حدیث قدسی میں ہے: جس نے میرے ولی کی اہانت کی اس نے ۔۔۔۔

(الف) مجھے اذیت دی (ب) کبیرہ گناہ کیا (ج) مجھ سے اعلان جنگ کیا (د) اپنا ٹھکانہ جہنم بنالیا

سوال نمبر23: عذاب مقیم سے ۔۔۔ مراد ہے۔

(الف) دائمی عذاب (ب) عارضی عذاب (ج) قیام کی حالت میں عذاب (د) نہ ہونے والا عذاب

سوال نمبر24: ﴿أَفَحُكمَ الجَاهِلِيَّةِ يَبغُونَ﴾ میں "يَبغُونَ" سے خطاب ۔۔۔ سے ہے۔

(الف) بنو قریظہ (ب) شامی بنو نضیر (ج) اوس (د) خزرج

سوال نمبر25: اللہ تعالی نے بنی اسرائیل سے ۔۔۔ کا وعدہ لیا تھا۔

(الف) توحید (ب) رسالت (ج) انصاف (د) گناہوں سے بچنے

سالانہ امتحان2025ء/1446ھ
کنزالمدارس بورڈ انٹرنیشنل
درجہ: عالیہ سال اول | پرچہ: دوسرا | مضمون: علوم التفسیر
تاریخ: 03-02-2025 | دن: پیر | کل وقت: 2 گھنٹے 30 منٹ | کل نمبر: 75


KANZUL MADARIS BOARD

رول نمبر: ______________

جوابی کاپی نمبر: ______________

## حصہ انشائیہ:

## مختصر سوالات (Short Questions)

**نوٹ: کل 15 سوالات کا حل مطلوب ہے۔ ہر سوال کے 03 نمبر ہیں۔ (15x3=45)**

سوال نمبر1: شعائر ملت ابراہیمی میں سے کوئی سے 6 شعائر تحریر کیجئے۔

سوال نمبر2: أولا: طلب الدليل ونقض التمسك بتقليدالآباء. وثانيا: عدم التساوي بين هؤلاءالعبادوبينه تبارك وتعالى، واختصاصه(عزوجل)باستحقاق أقصى غايةالتعظيم بخلاف هؤلاءالعباد. وثالثا: بيان إجماع الأنبياءعلى هذه المسئلة﴿وَمَاأَرْسَلْنَامِنْ قَبْلِكَ مِنْ رَّسُولٍ إِلَّانُوحِيَ إِلَيْهِ أَنَّهُ لَاإِلٰهَ إِلَّاأَنَافَاعْبُدُونِ﴾ عبارت کا ترجمہ کیجئے۔

سوال نمبر3: حنیفی کن کو کہتے ہیں؟

سوال نمبر4: منافقین کے احوال کی توضیح مثال کے ذریعے بیان کیجئے۔

سوال نمبر5: کوئی سے تین قرآنی قصص متکررہ بیان کیجئے۔

سوال نمبر6: ﴿كُتِبَ عَلَيكُم إِذَاحَضَرَأَحَدَكُمُ المَوتُ﴾ اس آیت کو کس آیت سے منسوخ قرار دیا گیا ہے؟ شاہ ولی اللہ کا مؤقف تحریر کیجئے۔

سوال نمبر7: ﴿إِن يَكُن مِّنكُم عِشرُونَ صٰبِرُونَ﴾ کس آیت سے منسوخ ہے؟

سوال نمبر8: ﴿قُمِ الَّيلَ إِلَّا قَلِيلا﴾ اس آیت کے تحت شاہ ولی اللہ محدث دہلوی نے کیا کلام کیا ہے؟

سوال نمبر9: تفسیر میں دخولِ اسرائیلیات پر شاہ ولی اللہ محدث دہلوی نے کیا بیان کیا؟

سوال نمبر10: "عدم ظهورالمعجزات التى يقترحونهالمصلحة كلية يقصرعلمهم عن إدركهاوكذلک عدم موافقة الحق لهم فى تعيين شخص يقترحون بنبوته وكذلک لم يجعل الرسول ملكاولم يوح الى كل واحدمنهم فليس كل شىء من ذلک الا لمصلحة كلية" اس عبارت سے شاہ ولی اللہ محدث دہلوی رحمۃ اللہ علیہ کیا بیان کرنا چاہتے ہیں؟

سوال نمبر11: "إبدال فعل بفعل" کو کسی ایک آیت کے تحت الفوزالکبیر کی روشنی میں بیان کیجئے۔

سوال نمبر12: "إبدال الخطاب بالغيبة" کو اسلوب قرآنی کے تناظر میں بیان کیجئے۔

سوال نمبر13: "مئون" سے کیا مراد ہے؟

سوال نمبر14: اصحاب التفسیر بالماثور کو بیان کیجئے۔

سوال نمبر15: اعجاز اخباری کو بیان کیجئے۔

سوال نمبر16: غریب قرآن کی سب سے اچھی تشریح کس نے کی اور وہ کن کے واسطے سے مروی ہے؟

سوال نمبر17: عرب اپنے رسائل (خطوط) کو کس انداز پر ختم کرتے تھے؟

سوال نمبر18: یونانی "الحان" کے اوزان کو کیا نام دیتے تھے؟

سوال نمبر19: تورات میں اولاد ہاجرہ و اسماعیل کے بارے میں کیا بشارتیں ہیں اور یہودی اس کی کیا تاویل کرتے ہیں؟

سوال نمبر20: "القرآن أجمل والسنة فصلت" کی مختصر سی وضاحت کیجئے۔

## طویل سوالات (Long Questions)

**نوٹ: کل 03 سوالات کا حل مطلوب ہے۔ ہر سوال کے 10 نمبر ہیں۔ (3x10=30)**

سوال نمبر1: منافقین کی کتنی اور کون کون سی اقسام ہیں؟ بالتفصیل نوٹ تحریر کیجئے۔

سوال نمبر2: فہم قرآن کی مشکلات کے مواضع بیان کیجئے، نیز ساتھ یہ بتائیں کہ ان مشکلات کا حل کیسے ہو سکتا ہے؟

سوال نمبر3: "الفرق بين الآيات والأبيات" شاعری اور آیات کے مابین فرق پر نوٹ تحریر کیجئے۔

سوال نمبر4: محکم، متشابہ اور کنایہ پر نوٹ تحریر کیجئے۔

سوال نمبر5: تفسیر القرآن بالقرآن پر تفصیلی نوٹ تحریر کیجئے، اور موضوع کے متعلقہ کم از کم تین آیات قرآنی سپرد قلم کیجئے۔

رول نمبر: ____________

دستخط اُمیدوار: __________

**سالانہ امتحان 2025ء/1446ھ**

کنزالمدارس بورڈ انٹرنیشنل

درجہ: **عالیہ سال اول** | پرچہ: **دوسرا** | مضمون: **علوم التفسیر**

تاریخ: **03-02-2025** | دن: **پیر** | کل وقت: **30 منٹ** | کل نمبر: **25**

امتحانی سنٹر: ____________ دستخط نگران امتحانی سنٹر: ____________ دستخط مفتش: __________

KANZUL MADARIS BOARD

# حصہ اول: معروضی

## کثیر الانتخابی سوالات (MCQ's)

**نوٹ: تمام سوالات کا حل مطلوب ہے۔ ہر سوال کا 01 نمبر ہے۔ (25x1=25)**

سوال نمبر 1: آیاتِ احکام کے نزول کے اسباب ہیں۔

(الف) 1 (ب) 2 (ج) 3 (د) 4

سوال نمبر 2: آیات احکام کے نزول کا ایک سبب، لوگوں میں ۔۔۔ کا جاری ہونا ہے۔

(الف) ظلم (ب) حسد (ج) بغض (د) کینہ

سوال نمبر 3: مخاصمت کی اقسام ہیں۔

(الف) 2 (ب) 3 (ج) 4 (د) 5

سوال نمبر 4: ضلالاتِ مشرکین ہیں۔

(الف) 8 (ب) 9 (ج) 10 (د) 11

سوال نمبر 5: اللہ تعالیٰ کی صفات میں سے کسی صفت کو غیر اللہ کے لیے ثابت کرنا ہے۔

(الف) شرک (ب) تشبیہ (ج) تحریف (د) ان میں سے کوئی نہیں

سوال نمبر 6: شرح غریب قرآن کے بارے میں حضرت عبد اللہ بن عباس رضی اللہ عنہ سے کتنی سندیں بیان ہوئی؟

(الف) 4 (ب) 3 (ج) 2 (د) 1

سوال نمبر 7: صفات بشریہ کو اللہ کے لیے ثابت کرنا ہے۔

(الف) تحریف (ب) تشبیہ (ج) استبعاد رسل (د) شرک

سوال نمبر 8: "التحیز" کا مطلب ہے۔

(الف) کسی چیز کا احاطہ کرنا (ب) چکر لگانا (ج) پھیلانا (د) ان میں سے کوئی نہیں

سوال نمبر 9: اصحاب فیل کا قصہ قرآن میں ۔۔۔ سے ہے۔

(الف) قصص متکررہ (ب) قصص غیر متکررہ (ج) قصص شریعہ (د) قصص صوفیہ

سوال نمبر 10: مشرکین کا حال ۔۔۔ کی طرح کا ہے۔

(الف) محترفین (ب) یہود (ج) نصاریٰ (د) زرتشت

سوال نمبر 11: الفوز الکبیر میں شرک کے ۔۔۔ جوابات دیے گئے ہیں۔

(الف) 4 (ب) 3 (ج) 2 (د) 1

سوال نمبر 12: تدبیر منزل کا تعلق ۔۔۔ سے ہے۔

(الف) علم الاحکام (ب) علم المخاصمۃ (ج) علم التذکیر بآلاء اللہ (د) علم التذکیر بایام اللہ

سوال نمبر13:طالوت وجالوت کا قصہ قرآن میں۔۔۔سے ہے۔

(الف)قصص متکررہ (ب)قصص غیر متکررہ (ج)قصص شریعہ (د)قصص صوفیہ

سوال نمبر14:قصہ احد کی تعریض سورۃ۔۔۔میں ہے؟

(الف)آل عمران (ب)البقرۃ (ج)النساء (د)المائدۃ

سوال نمبر15:ترجمان القرآن ہیں۔

(الف)عبد اللہ بن مسعود (ب)عبد اللہ بن مبارک (ج)عبد اللہ بن عباس (د)عبد اللہ بن عمر رضی اللہ عنہم

سوال نمبر16:الفوزالکبیر کا تیسرا باب۔۔۔پر مشتمل ہے۔

(الف)لطائف نظم قرآن (ب)مناہج تفسیر (ج)اسباب النزول (د)غریب القرآن

سوال نمبر17:چار گمراہ فرقوں کے ساتھ مباحثہ کا ذکر۔۔۔میں کیا گیا ہے۔

(الف)علم الاحکام (ب)علم المخاصمۃ (ج)علم التذکیر بایام اللہ (د)علم التذکیر بآلاء اللہ

سوال نمبر18:الفوزالکبیر کے مقاصد۔۔۔ابواب پر مشتمل ہیں۔

(الف)2 (ب)3 (ج)5 (د)4

سوال نمبر19:آسمانوں اور زمین کی پیدائش کے بیان کا ذکر۔۔۔میں کیا گیا ہے۔

(الف)علم الاحکام (ب)علم الجدل (ج)علم التذکیر بآلاء اللہ (د)علم التذکیر بایام اللہ

سوال نمبر20:ضلالت مشرکین میں سے ہے۔

(الف)شرک (ب)تشبیہ (ج)تحریف (د)یہ تمام

سوال نمبر21:کون سا مذہب حضرت عیسی علیہ السلام کی نبوت کا انکار اقوال سلف کو حجت مانتے ہوئے کرتا ہے؟

(الف)زرتشت (ب)نصاریٰ (ج)یہود (د)کنفیوشش ازم

سوال نمبر22:الفوزالکبیر میں تشبیہ کے۔۔۔جوابات دیئے گئے ہیں۔

(الف)4 (ب)2 (ج)1 (د)3

سوال نمبر23:استبعاد رسالت ﷺ کا یہود کے نزدیک کیا سبب ہے؟

(الف)انبیاء علیہم السلام کے احوال کا مختلف ہونا (ب)انبیائے کرام علیہم السلام کی شرائع کا مختلف ہونا

(ج)نبی کریم ﷺ کا بنی اسماعیل میں سے ہونا (د)یہ تمام

سوال نمبر24:شعائر ملت ابراہیمی۔۔۔ہیں۔

(الف)حج بیت اللہ (ب)غسل جنابت (ج)ختنہ کروانا (د)یہ تمام

سوال نمبر25:مشرکین۔۔۔کا دعوی کرتے تھے۔

(الف)دین حنیف (ب)مسلمان ہونے (ج)نصاری ہونے (د)کسی اور دین

رول نمبر: ______________

جوابی کاپی نمبر: ____________

**سالانہ امتحان 2025ء/1446ھ**

کنزالمدارس بورڈ انٹرنیشنل

درجہ: **عالیہ سال اول** پرچہ: **تیسرا** مضمون: **علوم الحدیث وأسماء الرجال**

تاریخ: **04-02-2025** دن: **منگل** کل وقت: **2 گھنٹے 30 منٹ** کل نمبر: **75**

KANZUL MADARIS BOARD

## حصہ انشائیہ:

## مختصر سوالات (Short Questions)

**نوٹ: کل 15 سوالات کا حل مطلوب ہے۔ ہر سوال کے 03 نمبر ہیں۔** (15x3=45)

سوال نمبر1: خبر کی اصطلاحی تعریف کے تینوں اقوال نقل کیجئے۔

سوال نمبر2: حافظ کا درجہ کس سے اوپر ہوتا ہے اور لفظ حافظ علوم حدیث میں کس کے مترادف ہے؟

سوال نمبر3: خبر مشہور کی لغوی اور اصطلاحی تعریف تحریر کیجئے۔

سوال نمبر4: خبر مقبول اور مردود کا حکم تحریر کیجئے۔

سوال نمبر5: صحیحین کے تینوں مشہور مستخرجات تحریر کیجئے۔

سوال نمبر6: حسن لغیرہ کے مرتبہ کو بیان کیجئے، اور اس کا حکم بھی تحریر کیجئے۔

سوال نمبر7: سقط خفی کسے کہتے ہیں؟

سوال نمبر8: مرسل کی صورت کیا ہے؟

سوال نمبر9: تدليس الشيوخ کی تعریف بیان کیجئے۔

سوال نمبر10: مؤنن کا لغوی و اصطلاحی معنیٰ بیان کیجئے۔

سوال نمبر11: "لقد أخطأ بعض المفسرين في ذكرهم أحاديث موضوعة في تفاسيرهم من غير بيان وضعها" مصنف کی مراد بیان کیجئے۔

سوال نمبر12: مشہور "دواعي الإدراج" تحریر کیجئے۔

سوال نمبر13: مقطوع کی لغوی اور اصطلاحی تعریف بیان کیجئے۔

سوال نمبر14: شاہد کا لغوی اور اصطلاحی معنی تحریر کیجئے۔

سوال نمبر15: "تدليس التسوية" کی تعریف بیان کیجئے۔

سوال نمبر16: علم اصول حدیث میں مبہم کی اصطلاحی تعریف نقل کیجئے۔

سوال نمبر17: علم اصول حدیث میں صحابہ کی معرفت سے کیا فائدہ حاصل ہوتا ہے؟

سوال نمبر18: اسناد عالی کسے کہتے ہیں؟

سوال نمبر19: "القراءة على الشيخ" کی صورت کو بیان کیجئے۔

سوال نمبر20: مسند کی لغوی اور اصطلاحی تعریف بیان کیجئے۔

## طویل سوالات (Long Questions)

**نوٹ: کل 03 سوالات کا حل مطلوب ہے۔ ہر سوال کے 10 نمبر ہیں۔** (3x10=30)

سوال نمبر1: مسند اور متصل میں کیا فرق ہے؟ اس پر جامع نوٹ تحریر کیجئے۔

سوال نمبر2: عدالت اور ضبط کی تعریف کیجئے نیز یہ بتائیے کہ راوی کے ضبط کو کیسے جانا جاتا ہے؟

سوال نمبر3: "وكيفية الجمع بين هذين الحديثين" عبارت کے مفہوم کو مثال کے ساتھ واضح کیجئے۔

سوال نمبر4: راوی کی جہالت کے تین اسباب تحریر کیجئے۔

سوال نمبر5: اختلاط کی لغوی و اصطلاحی تعریف اور اس کا حکم بیان کیجئے نیز "أنواع المختلطين" کو بھی بیان کیجئے۔

| | | |
|---|---|---|
| رول نمبر: ____________ | **سالانہ امتحان 2025ء/1446ھ**<br>کنزالمدارس بورڈ انٹرنیشنل<br>درجہ: **عالیہ سال اول**   پرچہ: **تیسرا**   مضمون: **علوم الحدیث وأسماء الرجال**<br>تاریخ: **04-02-2025**   دن: **منگل**   کل وقت: **30 منٹ**   کل نمبر: **25**<br>امتحانی سنٹر: ____________ دستخط نگران امتحانی سنٹر: ____________ دستخط مفتش: ____________ | KANZUL MADARIS BOARD |
| دستخط اُمیدوار: ____________ | | |

# حصہ اول: معروضی

## کثیر الانتخابی سوالات (MCQ's)

**نوٹ: تمام سوالات کا حل مطلوب ہے۔ ہر سوال کا 01 نمبر ہے۔(25x1=25)**

سوال نمبر1: ناسخ کو منسوخ سے جاننے کے لیے کل طریقے ہیں۔

(الف)4   (ب)5   (ج)6   (د)7

سوال نمبر2: سند سے سقط کی اقسام ہیں۔

(الف)2   (ب)3   (ج)4   (د)5

سوال نمبر3: خبر مقبول کی معمول بہ اور غیر معمول بہ کے اعتبار سے اقسام ہیں۔

(الف)2   (ب)3   (ج)4   (د)5

سوال نمبر4: ناسخ کا لغوی معنی ہے۔

(الف)جمع کرنا   (ب)ختم کرنا   (ج)جدا جدا کرنا   (د)پیچھے کرنا

سوال نمبر5: متفق علیہ سے مراد وہ احادیث ہیں جو۔۔۔کی شرائط پر ہوں۔

(الف)امام مسلم وابن ماجہ   (ب)امام بخاری وامام ترمذی   (ج)امام مسلم وامام ترمذی   (د)امام بخاری ومسلم

سوال نمبر6: حدیث حسن کا حکم یہ ہے کہ اس پر عمل واستدلال۔۔۔ہے۔

(الف)جائز   (ب)واجب   (ج)توقف   (د)ان میں سے کوئی نہیں

سوال نمبر7: خبر غریب کی اقسام ہیں۔

(الف)2   (ب)3   (ج)4   (د)5

سوال نمبر8: خبر مقبول وہ ہوتی ہے جس میں۔۔۔ہو۔

(الف)راوی دس سے زائد   (ب)ایک راوی نے روایت کیا   (ج)مخبر بہ کا صدق راجح   (د)ان میں سے کوئی نہیں

سوال نمبر9: متواتر کا لغوی معنی ہے۔

(الف)الگ ہونا   (ب)ممتاز   (ج)ایک ساتھ   (د)مسلسل

سوال نمبر10: خبر متواتر وہ حدیث ہے جس کو۔۔۔راویوں نے روایت کیا ہو۔

(الف)محصور   (ب)غیر محصور   (ج)دس سے زائد   (د)پچاس سے زائد

سوال نمبر11: خبر کی اصطلاحی تعریف یہ ہے کہ جو ثابت ہو۔

(الف)صرف حضور ﷺ سے   (ب)حضور ﷺ کے علاوہ سے

(ج)حضور ﷺ سے بھی اور ان کے علاوہ سے بھی   (د)ان میں سے کوئی نہیں

سوال نمبر12:اثر کی اصطلاحی تعریف یہ ہے کہ جس کی نسبت۔۔۔کی طرف ہو۔

(الف)حضور ﷺ (ب)صحابہ رضی اللہ عنہم (ج)تابعین رحمہم اللہ (د)صحابہ رضی اللہ عنہم وتابعین کے قول وفعل

سوال نمبر13:وہ کتب جن میں حسن احادیث مذکور ہیں ان میں سے ہے۔

(الف)ترمذی (ب)ابن ماجہ (ج)سنن دار قطنی (د)مذکورہ تینوں

سوال نمبر14:ناسخ کو منسوخ سے جاننے کا پہلا طریقہ ہے۔

(الف)تاریخ سے (ب)تصریح رسول ﷺ سے (ج)قول صحابی رضی اللہ عنہ سے (د)اجماع سے

سوال نمبر15:مختلف بالقرائن کا حکم ہے۔

(الف)مقبول (ب)غیر مقبول (ج)حسن لذاتہ کے درجے میں (د)راجح ہوگی ان سے جن میں یہ امور زائد نہ ہوں

سوال نمبر16:"ھذا حدیث غیر صحیح" کی مراد ہے۔

(الف)تمام شرائط کی جامع (ب)جس میں کچھ شرائط جمع نہ ہو

(ج)جس میں کچھ یا تمام شرائط جمع نہ ہو (د)ان میں سے کوئی نہیں

سوال نمبر17:لفظ حسن۔۔۔کا صیغہ ہے۔

(الف)اسم فاعل (ب)صفت مشبہ (ج)اسم مفعول (د)اسم تفضیل

سوال نمبر18:حدیث حسن کے کل مراتب ہیں۔

(الف)2 (ب)3 (ج)4 (د)6

سوال نمبر19:خبر مقبول کا حکم یہ ہے کہ اس سے۔۔۔ہے۔

(الف)استدلال و عمل واجب (ب)استدلال و عمل جائز (ج)استدلال و عمل توقف (د)استدلال و عمل ناجائز

سوال نمبر20:خبر مردود وہ ہوتی ہے۔

(الف)جس کو ایک راوی نے روایت کیا (ب)جس کو دو راویوں نے روایت کیا

(ج)جس میں مخبر بہ کا صدق راجح ہو (د)جس میں مخبر بہ کا صدق راجح نہ ہو

سوال نمبر21:خبر واحد کا حکم یہ ہے کہ یہ۔۔۔کا فائدہ دیتی ہے۔

(الف)علم ضروری (ب)علم ظنی (ج)دونوں (د)ان میں سے کوئی نہیں

سوال نمبر22:خبر واحد کی اقسام ہیں۔

(الف)موضوع، مدلس، مرسل (ب)مرسل، منقطع، مرسل خفی (ج)مشہور، عزیز، غریب (د)حسن، صحیح، موضوع

سوال نمبر23:اسناد۔۔۔کو کہا جاتا ہے۔

(الف)حدیث (ب)متن (ج)راویان حدیث (د)ان میں سے کوئی نہیں

سوال نمبر24:متن وہ ہے کہ جس پر۔۔۔کی انتہا ہو۔

(الف)سند (ب)کلام (ج)الف اور ب دونوں (د)ان میں سے کوئی نہیں

سوال نمبر25:"علم المصطلح" کا موضوع ہے۔

(الف)طریقہ (ب)متن (ج)سند و متن (د)سند

رول نمبر: ________________

جوابی کاپی نمبر: ______________

**سالانہ امتحان 2025ء/1446ھ**

کنزالمدارس بورڈ انٹرنیشنل

درجہ: **عالیہ سال اول** | پرچہ: **چوتھا** | مضمون: **السیرۃ النبویۃ+العقیدۃ**

تاریخ: **06-02-2025** | دن: **جمعرات** | کل وقت: **2 گھنٹے 30 منٹ** | کل نمبر: **75**

KANZUL MADARIS BOARD

## حصہ انشائیہ:

## مختصر سوالات (Short Questions)

**نوٹ: کل 15 سوالات کا حل مطلوب ہے۔ ہر سوال کے 03 نمبر ہیں۔ (15x3=45)**

سوال نمبر 1: قرآن پاک میں مذکور اللہ پاک کی واحدانیت کی دلیل بیان کیجئے۔

سوال نمبر 2: اللہ تعالی کے فعّال ہونے کا مفہوم واضح کیجئے۔

سوال نمبر 3: اللہ پاک کے مَلِکِ بے وزیر ہونے کی وضاحت کیجئے۔

سوال نمبر 4: منشور خلافت مطلقہ کا مفہوم کیا ہے؟ نیز اس کا اطلاق کس پر کیا گیا؟ مختصراً بتائیے۔

سوال نمبر 5: چار مشہور فرشتے کون سے ہیں اور وہ کون سے معاملات انجام دیتے ہیں؟

سوال نمبر 6: امام محمد بن حسین آجری نے صحابہ پر طعن کرنے والوں سے متعلق کیا فرمایا؟

سوال نمبر 7: حضرات شیخین کریمین رضی اللہ عنہم کا مقام کیا ہے؟ وضاحت کیجئے۔

سوال نمبر 8: خلافت راشدہ کی مدت بیان کیجئے۔

سوال نمبر 9: عذاب قبر کا عقیدہ رکھنا کیسا اور اس کے منکر کا حکم کیا ہے؟

سوال نمبر 10: توہین شریعت کا حکم تحریر کیجئے۔

سوال نمبر 11: ابو طالب کی موت کی کیا حکمت بیان کی گئی؟

سوال نمبر 12: سفر طائف کے بعد آپ ﷺ مکہ میں کیسے داخل ہوئے؟

سوال نمبر 13: سفر طائف میں زید بن حارثہ نے آپ ﷺ کا دفاع کیسے کیا؟

سوال نمبر 14: دار السلام سے ہجرت کرنا کب واجب ہے؟

سوال نمبر 15: "بایعنارسول اللہ بیعۃالحرب علی السمع والطاعۃفی عسرناویسرناومنشطناومکرھناواثرۃعلینا" ترجمہ کیجئے۔

سوال نمبر 16: شب معراج میں معراج جسم کو ہوئی یا روح کو؟ جمہور ائمہ کا موقف تحریر کیجئے۔

سوال نمبر 17: ہجرت مدینہ میں آپ ﷺ کا قبا پہنچنے کا واقعہ سپرد قلم کیجئے۔

سوال نمبر 18: آپ ﷺ کے رحمت للعالمین ہونے سے توسل حاصل کرنا کیسا؟

سوال نمبر 19: خلافت راشدہ میں مسجد نبوی میں تعمیر و تحسین کس طرح کی گئی؟ ہر خلیفہ راشد کے دور کو الگ ذکر کیجئے۔

سوال نمبر 20: رسول اللہ ﷺ کی بارگاہ میں پہلے وفد کے ایمان لانے کا واقعہ تحریر کیجئے کہ وہ کون لوگ تھے اور کیسے مسلمان ہوئے؟

## طویل سوالات (Long Questions)

**نوٹ: کل 03 سوالات کا حل مطلوب ہے۔ ہر سوال کے 10 نمبر ہیں۔ (3x10=30)**

سوال نمبر 1: صراط مستقیم پر ایک جامع نوٹ سپرد قلم کیجئے۔

سوال نمبر 2: اختیارات مصطفی ﷺ کی 5 جھلکیاں سپرد قلم کیجئے۔

سوال نمبر 3: بیعت عقبہ اولی کا خلاصہ بیان کیجئے۔

سوال نمبر 4: ہجرت مدینہ کے بعد اسلام کی پہلی مسجد کی بنیاد کیسے رکھی گئی؟ منظر کشی کیجئے۔

سوال نمبر 5: اعلانیہ دعوتِ اسلام کے بعد حضور ﷺ اور ان کے اصحاب کو پہنچنے والی تکالیف کو مختصراً بیان کیجئے۔

یا

سوال نمبر 5: رسول اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کے اخلاق حسنہ کے موضوع پر عربی زبان میں ایک جامع مضمون قلمبند کیجئے۔

# حصہ اول: معروضی

## کثیر الانتخابی سوالات (MCQ's)

**نوٹ: تمام سوالات کا حل مطلوب ہے۔ ہر سوال کا 01 نمبر ہے۔ (25x1=25)**

سوال نمبر1: ایسے دینی امور جن پر دل بغیر کسی شک وشبہ کے پختہ ہو جائے اسے۔۔۔ کہتے ہیں۔

(الف) پُختہ اعمال (ب) عقیدہ (ج) بنیادی احکام (د) مذکورہ تینوں

سوال نمبر2: ابن جدعان۔۔۔ کا مشہور سخی تھا۔

(الف) خزرج (ب) اوس (ج) بنو نجار (د) بنو تیم

سوال نمبر3: واحد حقیقی سے مراد۔۔۔ ہے۔

(الف) تنہا (ب) یکتا (ج) واحد (د) مذکورہ تینوں

سوال نمبر4: ولایت، ملکیت، مالکیت اور حاکمیت کے سارے اختیارات۔۔۔ کو حاصل ہیں۔

(الف) اللہ عزوجل (ب) انبیاء ورسل علیہم السلام (ج) اولیاء اللہ علیہم الرحمۃ (د) مذکورہ تینوں

سوال نمبر5: ایسی حیات جو روح کے بغیر ہے وہ۔۔۔ کی صفت ہے۔

(الف) حجر (ب) شجر (ج) اللہ عزوجل (د) مذکورہ تینوں

سوال نمبر6: "مَعَرًّا" کا معنی۔۔۔ ہے۔

(الف) پاک (ب) بلند (ج) برتر (د) برابر

سوال نمبر7: بے شک سوا۔۔۔ کے سب فضائل وکمالات حضور علیہ السلام کے لئے ثابت ہیں۔

(الف) الوہیت (ب) مستلزمات الوہیت (ج) چند خصوصیات (د) الف اور ب

سوال نمبر8: ہمارے پیارے نبی ﷺ کا علم۔۔۔ ہے۔

(الف) عطائی (ب) حادث (ج) ذاتی (د) الف اور ب

سوال نمبر9: آپ ﷺ نے جنت میں۔۔۔ کے قدموں کی آہٹ کو سن لیا۔

(الف) حضرت ابوہریرہ (ب) حضرت صدیق اکبر (ج) حضرت بلال (د) حضرت عمر فاروق رضی اللہ عنہم

سوال نمبر10: ۔۔۔ فرماتے ہیں: بیشک رسول اللہ ﷺ کو خزانوں کی چابیاں عطا کی گئیں۔

(الف) امام قسطلانی (ب) امام یوسف بن اسماعیل نبھانی (ج) امام محمد بن عمر خفاجی (د) امام یحیی بن شرف نووی علیہم الرحمۃ

سوال نمبر11: جس نے کسی نبی ﷺ کے ایک بال مبارک کو بھی عیب لگایا تحقیق وہ۔۔۔ ہے۔

(الف) بدعتی (ب) گمراہ (ج) کافر (د) بہکا ہوا

سوال نمبر12: نبی پر وحی آتی ہے ولی کیلئے وحی نبوت ثابت کرنا۔۔۔ ہے۔

(الف) کفر (ب) بدعت (ج) شرک (د) مذکورہ تینوں

سوال نمبر13: جو فرشتوں کو مؤنث کہے وہ۔۔۔ہے۔

(الف)فاسق (ب)بدعتی (ج)کافر (د)مشرک

سوال نمبر14:اعلانیہ دعوت کا دوسرا مرحلہ۔۔۔تک جاری رہا۔

(الف)ہجرت (ب) صلح حدیبیہ (ج)تین سال (د)چار سال

سوال نمبر15: اللہ تعالیٰ نے۔۔۔کے ذریعے آپ ﷺ کے دل میں یہ بات ڈال دی کہ ابتدائی دور میں دعوت خفیہ رکھی جائے۔

(الف)خواب (ب)الہام (ج)وحی (د)کوئی نہیں

سوال نمبر16: آپ ﷺ نے اپنے رب کے حکم کو نافذ کرنے کیلئے کوہ۔۔۔پر چڑھ کر لوگوں کو نداء دی۔

(الف)ثور (ب)رحمت (ج)نور (د)صفا

سوال نمبر17:۔۔۔اس چیز کو کہتے ہیں جو غور و فکر اور عقل کی بنیاد پر قائم ہو۔

(الف)بنیاد (ب)اصول (ج)قاعدہ (د)مذکورہ تینوں

سوال نمبر18: دعوت الی اللہ کا کام کرنے والوں اور اقامت دین کے لئے جہاد کرنے والوں کے لئے شروع ہی سے جو سنت الٰہیہ ہے وہ۔۔۔حکمتوں کا تقاضا کرتی ہے۔

(الف)3 (ب)4 (ج)5 (د)6

سوال نمبر19: مصالحاتی کوشش میں رسول اللہ ﷺ کی سیرت طیبہ کا جو حصہ بیان کیا گیا اس میں۔۔۔حکمتیں ہیں۔

(الف)2 (ب)3 (ج)4 (د)5

سوال نمبر20:﴿عَبَسَ وَ تَوَلّٰۤى اَنْ جَآءَهُ الْاَعْمٰى ﴾۔۔۔سے اعراض کرنے کی بناء پر نازل ہوئی۔

(الف)حضرت عبد اللہ بن ام مکتوم (ب)حضرت عبد اللہ ابن مسعود (ج)حضرت عبد اللہ بن عباس (د)حضرت ابو ہریرہ رضی اللہ عنہم

سوال نمبر21: جب سوشل بائیکاٹ کو تین سال گزر گئے تو قبیلہ۔۔۔میں سے ایک گروہ نے قریش کو ملامت کی۔

(الف)اوس (ب)خزرج (ج)نجار (د)بنی قصی

سوال نمبر22: جیش قادسیہ کی قیادت حضرت۔۔۔کے سپرد کی گئی۔

(الف)ربیعۃ بن عامر (ب)سعد بن ابی وقاص (ج)عبیدہ بن جراح (د)زبیر بن العوام رضی اللہ عنہم

سوال نمبر23:حبشہ کی طرف ہجرت کرنے والے صحابہ کی تعداد۔۔۔تھی۔

(الف) 50 سے کچھ زائد (ب) 70 سے کچھ زائد (ج) 80 سے کچھ زائد (د)100 سے کچھ زائد

سوال نمبر24:ہجرت حبشہ کے بعد حضرت ابو سلمہ رضی اللہ عنہ نے۔۔۔کے پاس پناہ لی۔

(الف)ابو طالب (ب)ولید بن مغیرہ (ج)ابو جہل (د)ابو لہب

سوال نمبر25:دار السلام سے ہجرت کا حکم۔۔۔ہے۔

(الف)واجب (ب)جائز (ج)حرام (د)مذکورہ تینوں کے مابین

رول نمبر: _______________

جوابی کاپی نمبر: _____________

**سالانہ امتحان 2025ء/1446ھ**

کنزالمدارس بورڈ انٹرنیشنل

درجہ: **عالیہ سال اول** پرچہ: **پانچواں** مضمون: **الفقہ**

تاریخ: **08-02-2025** دن: ہفتہ کل وقت: **2 گھنٹے 30 منٹ** کل نمبر: **75**

KANZUL MADARIS BOARD

## حصہ انشائیہ:

## مختصر سوالات (Short Questions)

**نوٹ: کل 15 سوالات کا حل مطلوب ہے۔ ہر سوال کے 03 نمبر ہیں۔ (15x3=45)**

سوال نمبر 1: جہاد کس پر فرض نہیں ہے؟

سوال نمبر 2: غدر، غلول اور مثلہ کی تعریفات کیجئے۔

سوال نمبر 3: کفار کو کیا چیز فروخت نہیں کی جائے گی؟

سوال نمبر 4: جنگ میں قید ہونے والوں کے ساتھ کیا سلوک کیا جائے گا؟

سوال نمبر 5: امام شافعی کے نزدیک پیدل اور گھڑ سوار کا حصہ بیان کیجئے۔

سوال نمبر 6: کن لوگوں کو مال غنیمت سے حصہ نہیں ملے گا؟

سوال نمبر 7: خمس میں جو آپ ﷺ کا حصہ بنتا تھا آپ ﷺ کی وفات ظاہری کے بعد کس کو ملے گا؟ امام شافعی کا مؤقف تحریر کیجئے۔

سوال نمبر 8: عبد مناف کے کتنے بیٹے تھے اور ان کا نام لکھئے۔

سوال نمبر 9: مستامن کسے کہتے ہیں؟

سوال نمبر 10: لقطہ کی تعریف کیجئے۔

سوال نمبر 11: یمین کے لغوی اور اصطلاحی معنی بیان کیجئے۔

سوال نمبر 12: اگر روٹی نہ کھانے کی قسم کھائی تو کس آٹے کی روٹی کھانے سے حانث ہو گا؟

سوال نمبر 13: زیف، نبھرجۃ اور ستوقۃ کی تعریفات کیجئے۔

سوال نمبر 14: حد کیا ہے؟

سوال نمبر 15: غلام اور آزاد کی حد شراب بیان کیجئے۔

سوال نمبر 16: چوری کے نصاب کے بارے میں ائمہ کا اختلاف ذکر کیجئے۔

سوال نمبر 17: زانی محصن کی حد بیان کیجئے۔

سوال نمبر 18: اگر کسی نے اپنی قسم کے ساتھ "إن شاء اللہ" ملایا تو کیا حکم ہے؟

سوال نمبر 19: مسلمان کو کیا کہنے سے تعریز کا حکم لگایا جائے گا؟ پانچ مثالیں تحریر کیجئے۔

سوال نمبر 20: کن چیزوں کو چوری کرنے میں ہاتھ کاٹا جائے گا؟ چند چیزوں کے نام تحریر کیجئے۔

## طویل سوالات (Long Questions)

**نوٹ: کل 03 سوالات کا حل مطلوب ہے۔ ہر سوال کے 10 نمبر ہیں۔ (3x10=30)**

سوال نمبر 1: قاضی زنا کے گواہوں سے کتنے سوال اور کون سے سوال اور کیوں کرے گا؟ مکمل بیان کیجئے۔

سوال نمبر 2: شبہہ کی اقسام تحریر کیجئے نیز ہر ایک شبہہ کس طرح ثابت ہوتا ہے؟ مثال سے واضح کیجئے۔

سوال نمبر 3: "قطع بالساج والقنا والأبنوس والصندل" عبارت کی وضاحت کیجئے۔

سوال نمبر 4: زانی محصن، غیر محصن کی حد بیان کیجئے۔ نیز مرد اور عورت کو کوڑے مارنے کا طریقہ بیان کیجئے۔

سوال نمبر 5: کسی نے حلف اٹھایا کہ میں ضرور آسمان پر چڑھوں گا یا پتھر کو سونا بناؤں گا یا فلاں کو قتل کروں گا اور اس کی موت کو جانتا ہے، اس مسئلہ میں احناف اور امام زفر کا اختلاف مع الدلائل بیان کیجئے۔

| | | |
|---|---|---|
| رول نمبر: ____________ <br> دستخطِ اُمیدوار: ___________ | **سالانہ امتحان 2025ء/1446ھ** <br> کنزالمدارس بورڈ انٹرنیشنل <br> درجہ: **عالیہ سال اول** پرچہ: **پانچواں** مضمون: **الفقہ** <br> تاریخ: **08-02-2025** دن: **ہفتہ** کل وقت: **30 منٹ** کل نمبر: **25** <br> امتحانی سنٹر: ____________ دستخط نگران امتحانی سنٹر: ____________ دستخط مقتش: ___________ | KANZUL MADARIS BOARD |

# حصہ اول: معروضی

## کثیر الانتخابی سوالات (MCQ's)

**نوٹ: تمام سوالات کا حل مطلوب ہے۔ ہر سوال کا 01 نمبر ہے۔ (25x1=25)**

سوال نمبر 1: ماضی میں کسی کام کے ترک پر جان بوجھ کر جھوٹی قسم کھانا یمین ۔۔۔ ہے۔

(الف) غموس (ب) منعقدہ (ج) لغو (د) کوئی نہیں

سوال نمبر 2: جو بغیر قصد کے قسم کھائے اسے ۔۔۔ کیا کہتے ہیں۔

(الف) حالف (ب) حانث (ج) ساہی (د) مکرہ

سوال نمبر 3: احناف کے نزدیک حانث ہونے سے پہلے کفارہ دینے کا کیا حکم ہے؟

(الف) دے سکتے ہیں (ب) نہیں دے سکتے

(ج) بندے کو اختیار حاصل ہے (د) بعض صورتوں میں دے سکتے ہیں بعض میں نہیں دے سکتے

سوال نمبر 4: جس نے اپنی قسم کے ساتھ "إن شاء الله" ملایا تو کیا حکم ہے؟

(الف) قسم منعقد ہو گئی (ب) قسم باطل ہو گئی (ج) ایسا کرنا جائز ہے (د) ان میں سے کوئی نہیں

سوال نمبر 5: کسی نے قسم کھائی: "لا يدخل بيتا" تو وہ ۔۔۔ میں داخل ہونے سے حانث ہو جائے گا۔

(الف) مسجد (ب) بیعہ (ج) کنیسہ (د) ان میں سے کوئی نہیں

سوال نمبر 6: قسم کھائی "لا يسكن هذا الدار" تو ۔۔۔ کے نزدیک صرف خانہ داری نکالنا ضروری ہے۔

(الف) امام اعظم (ب) امام ابو یوسف (ج) امام محمد (د) امام زفر

سوال نمبر 7: عورت نکلنے کا ارادہ کر رہی تھی مرد نے کہا "إن خرجت فأنت طالق" پھر وہ فوراً نکل گئی تو کیا حکم ہے؟

(الف) طلاق ہو گئی (ب) طلاق نہیں ہو گی (ج) صرف قسم کا کفارہ لازم آئے گا (د) کچھ نہیں

سوال نمبر 8: قسم کھائی کہ پھل نہیں کھاؤں گا تو ۔۔۔ کے کھانے سے حانث ہو گا۔

(الف) سیب (ب) خوبانی (ج) خربوزہ (د) تینوں

سوال نمبر 9: "مذنب" کا معنی ۔۔۔ ہے۔

(الف) تر کھجور (ب) خشک کھجور (ج) بعض تر بعض خشک (د) ان میں سے کوئی نہیں

سوال نمبر 10: قسم کھائی کہ بیوی کو نہیں مارے گا پھر اس کے بال کھینچے تو کیا حکم ہے؟

(الف) حانث ہو گا (ب) نہیں ہو گا (ج) نیت کا اعتبار ہے (د) کچھ نہیں

سوال نمبر 11: قسم کھائی "علي المشي إلى الكعبة" تو ۔۔۔ جانا ضروری ہے۔

(الف) سوار ہو کر (ب) پیدل

(ج) اختیار ہے چاہے پیدل جائے یا سوار ہو کر (د) ان میں سے کوئی نہیں

سوال نمبر12:"رصاصا"کا معنی۔۔۔ہے۔

(الف)چاندی (ب)تانبا (ج)زیور (د)سونا

سوال نمبر13:قسم کھائی کہ اگر میں نے غلام کو نہ بیچا تو میری عورت کو طلاق ہے، پھر اس غلام کو آزاد کر دیا تو کیا حکم ہے؟

(الف)طلاق نہیں ہو گی (ب)طلاق ہو گئی (ج)غلام آزاد نہ ہو گا (د)کوئی نہیں

سوال نمبر14:جب کسی نے "حین" کے لفظ سے قسم کھائی اور اسے نکرہ ذکر کیا اور کوئی خاص مدت کی نیت بھی نہیں کی تو کتنا وقت مراد ہو گا؟

(الف)ایک ماہ (ب)چھ ماہ (ج)ایک سال (د)تاحیات

سوال نمبر15:قسم کھائی ہر وہ جو میری ملکیت میں ہے وہ آزاد ہے تو آزاد ہو گا۔

(الف)ام ولد (ب)مدبر (ج)غلام (د)یہ سب

سوال نمبر16:"حد"کا لغوی معنی۔۔۔ہے۔

(الف)مارنا (ب)پاک کرنا (ج)مردہ کرنا (د)منع کرنا

سوال نمبر17:"المکحلۃ"کا معنی۔۔۔ہے۔

(الف)حلق (ب)سرمہ (ج)سرمہ دانی (د)سلائی

سوال نمبر18:رجم بطور حد زنا نافذ کرنے کے لئے مرد اور عورت کا۔۔۔کے ساتھ متصف ہونا ضروری ہے۔

(الف)خوبصورتی (ب)بلوغت (ج)مسلمان (د)احصان

سوال نمبر19:زانی کو کوڑے۔۔۔پر نہیں ماریں گے۔

(الف)چہرے (ب)فرج (ج)سر (د)تینوں

سوال نمبر20:حد زنا کی۔۔۔قسمیں ہیں۔

(الف) تین (ب)دو (ج)ایک (د)چار

سوال نمبر21:۔۔۔کے نزدیک حربی اور حربیہ کو بھی حد لگے گی۔

(الف)امام اعظم (ب)امام شافعی (ج)امام محمد (د)امام ابو یوسف

سوال نمبر22:جس نے لونڈی کو زنا سے مار دیا تو اس پر۔۔۔لازم ہو گی۔

(الف)حد (ب)قیمت (ج)دونوں (د)کوئی نہیں

سوال نمبر23:زنا کی گواہی میں شہر کے بارے میں اختلاف ہو گیا تو کیا حکم ہے؟

(الف)حد سب کو لگے گی (ب)بعض کو لگے گی (ج)کسی کو نہیں لگے گی (د)ان میں سے کوئی نہیں

سوال نمبر24:رجم کی حد جاری ہونے کے بعد کسی ایک گواہ نے رجوع کر لیا تو کیا حکم ہے؟

(الف)تمام گواہوں پر حد جاری ہو گی (ب)رجوع کرنے والے کو جلاوطن کیا جائے گا

(ج)رجوع کرنے والے پر تعذیر ہے (د)رجوع کرنے والے پر حد ہے

سوال نمبر25:شرابی کتنی مرتبہ اقرار کرے گا تو اس پر حد جاری ہو گی؟

(الف)ایک (ب)چار (ج) تین (د)دو

رول نمبر: ______________

جوابی کاپی نمبر: ____________

**سالانہ امتحان 2025ء/1446ھ**

کنزالمدارس بورڈ انٹرنیشنل

درجہ: **عالیہ سال اول** | پرچہ: **چھٹا** | مضمون: **علوم الفقہ**

تاریخ: **10-02-2025** | دن: **پیر** | کل وقت: **2 گھنٹے 30 منٹ** | کل نمبر: **75**

## حصہ انشائیہ:

## مختصر سوالات (Short Questions)

**نوٹ: کل 15 سوالات کا حل مطلوب ہے۔ ہر سوال کے 03 نمبر ہیں۔ (15x3=45)**

سوال نمبر 1: قیاس کی شرائط کی تعداد بتاتے ہوئے بیان کیجئے کہ کتنی شرائط عدمی ہیں اور کتنی وجودی ہیں؟

سوال نمبر 2: کفارہ یمین اور ظہار میں ایمان کی شرط لگانا درست کیوں نہیں ہے؟

سوال نمبر 3: "من ارسل دابةفی الطریق فجالت یمینةویسرة" مذکورہ مثال میں سبب اور شرط کا تعین کر کے بتایئے جانور کو چھوڑنے والے پر تلف کا ضمان ہو گا یا نہیں؟

سوال نمبر 4: ملائمت سے پہلے وصف کو علت بنایا جا سکتا ہے یا نہیں؟ بہر صورت وجہ بیان کیجئے۔

سوال نمبر 5: ثیبہ صغیرہ کے نکاح میں اختلاف اور وجہ تحریر کیجئے۔

سوال نمبر 6: علت طردیہ کسے کہتے ہیں؟

سوال نمبر 7: حقوق اللہ کل کتنے ہیں؟ تمام کے نام تحریر کیجئے۔

سوال نمبر 8: علامت کی تعریف بیان کیجئے۔

سوال نمبر 9: "عوارض سماوية" اور "مكتسبة" کے نام بیان کیجئے۔

سوال نمبر 10: جب قسم اور شرط کے گواہ حکم کے بعد رجوع کر لیں تو ضمان کس پر ہو گا؟ نیز وجہ بیان کیجئے۔

سوال نمبر 11: سبب حقیقی کی تعریف اور مثال بیان کیجئے۔

سوال نمبر 12: نسیان کسے کہتے ہیں؟ نیز یہ بتائیں کہ کیا اس سے احکام ساقط ہو جاتے ہیں؟

سوال نمبر 13: جہل کی کتنی اور کون سی قسمیں ہیں؟

سوال نمبر 14: حسامی کی روشنی میں سفر کا حکم تحریر کیجئے۔

سوال نمبر 15: کافر اگر مذاق میں کلمہ شریف پڑھے اور اپنے دین سے براءت ظاہر کرے تو کیا حکم ہے؟

سوال نمبر 16: وارث کے لیے وصیت کا کیا حکم ہے نیز یہ بتائیں کہ اپنے مال کے کتنے حصے میں وصیت کرے گا؟

سوال نمبر 17: جب علت اور سبب اکھٹے ہو جائیں تو کس کو اختیار کریں گے اور کس کو چھوڑ دیں گے اور ایسا کیوں کریں گے؟

سوال نمبر 18: اگر نیند کی حالت میں نماز میں قہقہہ لگا دیا تو کیا حکم ہے؟

سوال نمبر 19: مرض کا حکم بیان کیجئے، نیز مرض الموت کسے کہتے ہیں؟

سوال نمبر 20: مجبور بندہ جب قولی تصرفات کرتا ہے تو امام شافعی اس کے بارے میں کیا فرماتے ہیں؟

## طویل سوالات (Long Questions)

**نوٹ: کل 03 سوالات کا حل مطلوب ہے۔ ہر سوال کے 10 نمبر ہیں۔ (3x10=30)**

سوال نمبر 1: "انما الصدقات للفقراء" اختلاف بیان کیجئے۔

سوال نمبر 2: مکرہ اور خاطی کا روزہ ٹوٹے گا یا نہیں؟ امام شافعی کا مؤقف بیان کرتے ہوئے اس کے فساد کو واضح کیجئے۔

سوال نمبر 3: "أماالمعارضةالخالصةفنوعان أحدهمافی حکم الفرع وهوصحيح والثاني فی علةالأصل وذلک باطل لعدم حکمه ولفساده لوافادتعديته لأنه لااتصال له بموضع النزاع إلامن حيث أنه تنعدم تلک العلةفيه وعدم العلةلايوجب عدم الحکم وکل کلام صحيح فی الأصل يذکرعلی سبيل المفارقة فأذکره علی سبيل الممانعةکقولهم فی اعتاق الراهن أنه تصرف يلاقي حق المرتهن بالابطال فکان مردودا" عبارت کے مفہوم کو واضح کیجئے۔

سوال نمبر 4: عقل کے بارے میں اشاعرہ، ماتریدیہ اور معتزلہ کے موقف کی وضاحت سپرد قلم کیجئے۔

سوال نمبر 5: جہل کی کتنی اقسام ہیں؟ ہر ایک کی تعریف اور حکم مع الامثلہ بیان کیجئے۔

| | | |
|---|---|---|
| رول نمبر: ____________ | **سالانہ امتحان 2025ء/1446ھ**<br>کنزالمدارس بورڈ انٹرنیشنل | KANZUL MADARIS BOARD |
| دستخط اُمیدوار: __________ | درجہ: **عالیہ سال اول** — پرچہ: **چھٹا** — مضمون: **علوم الفقہ**<br>تاریخ: **10-02-2025** — دن: **پیر** — کل وقت: **30 منٹ** — کل نمبر: **25**<br>امتحانی سنٹر: ____________ دستخط نگران امتحانی سنٹر: __________ دستخط مفتش: __________ | |

## حصہ اول: معروضی

## کثیر الانتخابی سوالات (MCQ's)

**نوٹ: تمام سوالات کا حل مطلوب ہے۔ ہر سوال کا 01 نمبر ہے۔ (25x1=25)**

سوال نمبر 1: "وليس مِن صِفةالعلَّةِ۔۔۔تقدمهاعلى الحكم".

(الف) الحقيقية (ب) السَببيَّةِ (ج) الحقيقيةوالسببة (د) ليس منهاشئ

سوال نمبر 2: "وكذلك عقد الاجارة۔۔۔اسماومعنالاحكماً".

(الف) علةٌ (ب) شرطٌ (ج) علةٌوشرطٌ (د) ليس منها

سوال نمبر 3: حقوق العباد کی۔۔۔اقسام ہیں۔

(الف) سو (ب) ہزار (ج) لاکھ (د) بے شمار

سوال نمبر 4: قسم کفارے کا۔۔۔طور پر سبب ہے۔

(الف) حقیقی (ب) مجازی (ج) ظاہری (د) باطنی

سوال نمبر 5: معارضہ خالصہ کی اقسام ہیں۔

(الف) پانچ (ب) دو (ج) تین (د) چار

سوال نمبر 6: "۔۔۔هوعبارةعن فضل احدالمثلين على الآخروصفاً".

(الف) المعاوضة (ب) الترجيح (ج) العلةُ (د) الشرط

سوال نمبر 7: ممانعت کی اقسام ہیں۔

(الف) تین (ب) چار (ج) پانچ (د) چھ

سوال نمبر 8: "فليس للسائل فيهابعدالممانعةإلا المعارضة" یہ۔۔۔کی تعریف ہے۔

(الف) علل مؤثرة (ب) مناقضہ (ج) علت طردیہ (د) معارضہ

سوال نمبر 9: عدالت سے مراد ہے۔

(الف) اثر (ب) کرم (ج) فضل (د) شکر

سوال نمبر 10: "فصارالأثر۔۔۔مع فسادالظاهراولى من الأثرالظاهرمع الفسادالخفى".

(الف) الظاهر (ب) الخفى (ج) الظاهروالخفى (د) ليس منهاشئ

سوال نمبر 11: "اختلافِ احوال"۔۔۔میں ثابت ہوتا ہے۔

(الف) کثیر (ب) قلیل (ج) طویل (د) قصیر

سوال نمبر 12: آیت مصارف زکوۃ میں تمام نام۔۔۔کے ہیں۔

(الف) قضاء (ب) لزوم (ج) حاجت (د) ادا

سوال نمبر13:باب القیاس۔۔۔چیزوں پر مشتمل ہے۔

(الف)پانچ (ب)دو (ج)تین (د)چار

سوال نمبر14:۔۔۔کا حکم پر مقدم ہونا ضروری نہیں ہے۔

(الف)علت حقیقیہ (ب)سبب (ج)شرط (د)ان میں سے کوئی نہیں

سوال نمبر15:"یضاف إلیه الحکم وجوداعنده لاوجوبابه"یہ شرعی تعریف۔۔۔کی ہے۔

(الف)شرط (ب)سبب (ج)علامت (د)علت

سوال نمبر16:حقوق اللہ کی اقسام ہیں۔

(الف)6 (ب)7 (ج)8 (د)9

سوال نمبر17:"احکام مشروعه"کی اقسام ہیں۔

(الف)تین (ب)چار (ج)پانچ (د)چھ

سوال نمبر18:قلب کی تیسری قسم کا حکم ہے۔

(الف)وجوب (ب)موضوع (ج)ضعیف (د)کوئی نہیں

سوال نمبر19:جب معارضہ ہو تو اس سے بچنے کا طریقہ ہے۔

(الف)توقف (ب)تکثیر (ج)تفہیم (د)ترجیح

سوال نمبر20:رمضان کا روزہ مطلق نیت سے بھی درست ہے۔

(الف)عندالاحناف (ب)عندالشافعي (ج)عندالحنابلة (د)عندالمالكية

سوال نمبر21:وضو اور تیمم دونوں طہارت ہیں، تو نیت میں فرق کیوں؟ یہ مثال۔۔۔کی ہے۔

(الف)فساد وضع (ب)ممانعت (ج)مناقضہ (د)علۃ مؤثرہ

سوال نمبر22:جب ملائمت ثابت ہو جائے تو عمل کرنے کے لیے ضروری ہے۔

(الف)اہانت (ب)عدالت (ج)صداقت (د)کرامت

سوال نمبر23:تلاوت کے وقت سجدہ کرنا قربت۔۔۔ہے۔

(الف)مقصودہ (ب)محبوبہ (ج)غیر مقصودہ (د)مفعولہ

سوال نمبر24:رائے کے ساتھ نص کے حکم کو تبدیل کرنا۔۔۔ہے۔

(الف)جائز (ب)باطل (ج)صحیح (د)فاسد

سوال نمبر25:صدقہ فقیر کے پاس بعد میں جاتا ہے، پہلے۔۔۔کے لیے ثابت ہوتا ہے۔

(الف)اللہ (ب)پڑوسی (ج)مالک (د)غلام

# سالانہ امتحان 2025ء/1446ھ

## کنزالمدارس بورڈ انٹرنیشنل

درجہ: **عالیہ سال اول** | پرچہ: **ساتواں** | مضمون: **الأدب العربي**

تاریخ: **11-02-2025** | دن: **منگل** | کل وقت: **2 گھنٹے 30 منٹ** | کل نمبر: **75**

## حصہ انشائیہ:

### مختصر سوالات (Short Questions)

**نوٹ: کل 15 سوالات کا حل مطلوب ہے۔ ہر سوال کے 03 نمبر ہیں۔ (15x3=45)**

سوال نمبر 1: علم الادب العربي کیا ہے؟ اور اس کا موضوع تحریر کیجئے۔ سوال نمبر 2: ادیب اور عالم کے مابین کیا فرق ہے؟

سوال نمبر 3: علم الادب کتنے اور کون کون سے اجزاء پر مشتمل ہے؟

سوال نمبر 4: جب قرآن کے کسی لفظ کا مطلب سمجھ نہ آئے تو کہاں تلاش کیجئے؟ حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہ کا کوئی ایک قول بیان کیجئے۔

سوال نمبر 5: وشق له من اسمه ليجله فذوالعرش محمودوهذامحمد، شعر کا ترجمہ کیجئے۔

سوال نمبر 6: يا عامرا!لخراب الدهر مجتهدا بالله هل لخراب العمرعمران، شعر کا ترجمہ کیجئے

سوال نمبر 7: واشدديديک بحبل الله معتصما فإنه الركن إن خانتک أركان، شعر کا ترجمہ کیجئے۔

سوال نمبر 8: من استنام إلى الأشرارنام وفي قميصه منهم صل وثعبان، شعر کا ترجمہ کیجئے۔

سوال نمبر 9: دع التكاسل فى الخيرا ت تطلبها فليس يسعدبالخيرات كسلان، شعر کا ترجمہ کیجئے۔

سوال نمبر 10: حسب الفتى عقله خلا يعاشره إذاتجاماه إخوان وخلان، شعر کا ترجمہ کیجئے۔

سوال نمبر 11: وقوفابهاصحبي علي مطيتهم يقولون لاتهلک أسى وتجمل، اعراب لگائیے۔

سوال نمبر 12: وليل كموج البحرأرخى سدوله علي بأنواع الهموم ليبتلي، اعراب لگائیے۔

سوال نمبر 13: ألاأيهذااللائمي أشهد الوغى وأن أنهل اللذات هل أنت مخلدي، اعراب لگائیے۔

سوال نمبر 14: رأيت المناياخبط عشواءمن تصب تمته ومن تخطي يعمرفيهرم، اعراب لگائیے۔

سوال نمبر 15: ومن هاب أسباب المناياينلنه وإن يرق أسباب السماءبسلم، خط کشیدہ صیغے ثبت کیجئے۔

سوال نمبر 16: هل غادر الشعراء من متردم أم هل عرفت الداربعدتوهم، خط کشیدہ صیغے ثبت کیجئے۔

سوال نمبر 17: يخبرک من شهدالوقيعةأنني أغشى الوغى وأعف عند المغنم، خط کشیدہ کے معانی بیان کیجئے۔

سوال نمبر 18: آذنتنابيينهاأسماء رب ثاو يمل منه الثواء، خط کشیدہ کے معانی بیان کیجئے۔

سوال نمبر 19: أن إخوانناالأراقم يغلو ن علينا في قيلهم إحفاء، خط کشیدہ کے معانی بیان کیجئے۔

سوال نمبر 20: "الفواحش، دواعي، الأضداد" کی واحد ذکر کیجئے۔

### طویل سوالات (Long Questions)

**نوٹ: کل 03 سوالات کا حل مطلوب ہے۔ ہر سوال کے 10 نمبر ہیں۔ (3x10=30)**

سوال نمبر 1: "إن من الشعر حكمة" مذکورہ حدیث میں حکمت سے کیا مراد ہے اور علماء کی اس میں کیا آراء ہیں؟ خلاصہ تحریر کیجئے۔

سوال نمبر 2: درج ذیل اشعار کا دس لائنوں پر مشتمل ایک خلاصہ تحریر کیجئے۔

وَهَلْ يَسْتَوِي ضُلَّالُ قَوْمٍ تَسَفَهُوْا عَمًى، وَهُدَاةٌ يَهْتَدُونَ بِمُهْتَدِ
لَقَدْنَزَلَتْ مِنْهُ عَلَى أَهْلِ يَثْرِب رِكَابُ هُدًى حَلَّتْ عَلَيْهِمْ بِأَسْعَدِ
يَرَى مَا لَا يَرَى النَّاسُ حَوْلَهُ وَيَتْلُو كِتَابَ اللهِ فِي كُلِّ مَسْجِدِ

سوال نمبر 3: درج ذیل اشعار کا ترجمہ کیجئے۔

تَأَوَّهَ قَلبي والفؤادُ كَئيبُ وأُرِّق نَومي فالسُّهادُ عجيبُ
فمَنْ مُبلغٌ عنّي الحسينَ رسالةً وإنْ كَرِهَتْها أنفسٌ وقلوبُ
ذبيحٌ بلاجُرمٍ كأنَّ قميصَهُ صبيغٌ بماءِالأُرْجُوانِ خضيبُ

سوال نمبر 4: درج ذیل اشعار کا ترجمہ کیجئے۔

أقبل على النفس واستكمل فضائلها فأنـت بالنفس لا بالجسم إنسـان
وإنْ أسـاءَ مُسـيءٌ فلْيَكـنْ لكَ في عُـروضِ زَلَّتِهِ صَفْـحٌ وغُفْـرانُ
وكُنْ علـى الدَّهرِ مِعواناً لـذي أمَلٍ يَرجو نَداكَ فإنَّ الحُـرَّ مِعْـوانُ

سوال نمبر 5: خط کشیدہ الفاظ کے معانی تحریر کیجئے۔

بِأَنّانورِدُالراياتِ بيضاً وَنُصدِرُهُنّ حُمراً قَد رَوينا
وَرِثناالمَجدَقَدعَلِمَت مَعَدٌّ نُطاعِنُ دونَهُ حَتّى يَبينا
تَهَدّدناوَأوعِدنارُوَيداً مَتى كُنّا لِأُمِّكَ مَقتَوينا

## حصہ اول: معروضی

## کثیر الانتخابی سوالات (MCQ's)

**نوٹ: تمام سوالات کا حل مطلوب ہے۔ ہر سوال کا 01 نمبر ہے۔ (25x1=25)**

سوال نمبر1: "علم الأدب العربي" ہے۔

(الف) کسی فن کے مخصوص اصولوں کا علم　　(ب) بلاغت کے اصولوں کا علم
(ج) سیرت کا علم　　(د) تمام قسم کی خطاؤں سے بچنے کا علم

سوال نمبر2: زمخشری نے علوم ادبیہ کی ۔۔۔ اقسام گنوائی ہیں۔

(الف) 9　　(ب) 10　　(ج) 11　　(د) 12

سوال نمبر3: اہل لسان کے ہاں علم الادب کا اصل مقصد۔۔۔۔۔ ہے۔

(الف) کسی مخصوص موضوع پر تحقیق　　(ب) منظوم اور منثور کلام میں مہارت
(ج) ادبی تنقید　　(د) شاعری کی اصلاح

سوال نمبر4: حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہ نے ۔۔۔ کے اشعار کو بطور حجت اپنانے کا کہا۔

(الف) اہل مدینہ　　(ب) بنو تمیم　　(ج) اہل یمن　　(د) اہل حجاز

سوال نمبر5: عبد اللہ ابن مبارک نے علم الادب پر ۔۔۔ خرچ کئے۔

(الف) 50,000　　(ب) 60,000　　(ج) 40,000　　(د) 30,000

سوال نمبر6: لفظ "فتْرَة" کا مطلب ۔۔۔ ہے۔

(الف) روشنی　　(ب) وقفہ　　(ج) ہدایت　　(د) سردار

سوال نمبر7: "يَلُوحُ كمالاحَ الصّقِيلُ المُهَنَّدُ" میں "يَلُوحُ" صرفی اعتبار سے ہے۔

(الف) فعل مضارع　　(ب) اسم　　(ج) فعل ماضی　　(د) مفعول

سوال نمبر8: "الأوثان" کا معنی ۔۔۔ ہے۔

(الف) انبیاء　　(ب) ملائکہ　　(ج) بت　　(د) جنت

سوال نمبر9: "فأمْسَى سِرَاجاًمُسْتَنيراًوَهَادِياً" کا لفظی ترجمہ ہے۔

(الف) تو وہ روشن چراغ اور ہدایت بن گیا　　(ب) تو وہ روشن چراغ بن گیا
(ج) تو وہ صبح کی روشنی بن گیا　　(د) تو وہ جہالت میں گم ہو گیا

سوال نمبر10: لفظ "الصقيل" کا معنی ۔۔۔ ہے۔

(الف) صاف　　(ب) مہارت　　(ج) عظیم　　(د) ایمان

سوال نمبر11: "تَسَفَّهوا" کا معنی ۔۔۔ ہے۔

(الف) جاہل ہونا　　(ب) ہدایت دینا　　(ج) گمراہی سے بچنا　　(د) خوش ہونا

سوال نمبر12:"بِنورٍ مُجَدَّد"میں"مُجَدَّد"ترکیب کلام میں۔۔۔واقع ہو رہا ہے۔

(الف)مفعول (ب)صفت (ج)حال (د)بدل

سوال نمبر13:"وَيَغتَدي"۔۔۔ہے۔

(الف)فعل ماضی (ب)فعل مضارع (ج)فعل امر (د)فعل نہی

سوال نمبر14:"لَقَدخابَ قَومٌ غابَ عَنهُم نَبِيُّهُم" میں"قَومٌ"ترکیب کلام میں۔۔۔واقع ہو رہا ہے۔

(الف)مبتداء (ب)فاعل (ج)مفعول (د)حال

سوال نمبر15:"أَرشَدَهُم"میں"هُم"ضمیر۔۔۔ہے۔

(الف)مفعول بہ (ب)فاعل (ج)مفعول لہ (د)خبر

سوال نمبر16:"سَعادَةُ جَدِّهِ"میں"سَعادَةُ"اور"جَدِّهِ" کے درمیان۔۔۔والا ترکیبی تعلق ہے۔

(الف)صفت اور موصوف (ب)مضاف اور مضاف الیہ (ج)فعل اور مفعول (د)حال اور فاعل

سوال نمبر17:"رِكابُ هُدىً" کا معنی ہے۔

(الف)ہدایت کی سواری (ب)ہدایت کی رسی (ج)ہدایت کا چراغ (د)ہدایت کے تیر

سوال نمبر18:لفظ"تأوه"کا لغوی معنی ہے۔

(الف)مسرت (ب)آہ بھرنا (ج)عزم (د)خاموشی

سوال نمبر19:"السهاد" کا مطلب ہے۔

(الف)خواب (ب)بیداری (ج)سکون (د)شوق

سوال نمبر20:"فللسيف إعوال" میں"إعوال" کا مطلب ہے۔

(الف)خوشی (ب)چیخ (ج)عزم (د)محبت

سوال نمبر21:"أرق نومي" میں"أرق"کا معنی ہے۔

(الف)سکون (ب)نیند (ج)بے خوابی (د)آرام

سوال نمبر22:"غارت نجوم" کا معنٰی ہے۔

(الف)ستارے غائب ہو گئے (ب)ستارے نمودار ہوئے (ج)آسمان روشن ہو گیا (د)بادل چھا گئے

سوال نمبر23:"عليهافوارس قدعاودوا قراع الكماةوضرب البهم" میں"قراع الكماة" کا معنٰی ہے۔

(الف)بہادروں سے لڑائی (ب)دشمنوں سے محبت (ج)امن کی حالت (د)دوستوں سے گفتگو

سوال نمبر24:"كانت تهاب"میں"تهاب"صیغہ ہے۔

(الف)واحد مذکر حاضر (ب)واحد مؤنث غائب (ج)واحد مؤنث حاضر (د)واحد مذکر غائب

سوال نمبر25:"الأسدتخشى وهي صامتة"میں"صامتة" کا معنٰی ہے۔

(الف)بولتی ہوئی (ب)خاموش (ج)غصے میں (د)چمکتی ہوئی

## حصہ انشائیہ:

## مختصر سوالات (Short Questions)

**نوٹ: کل 15 سوالات کا حل مطلوب ہے۔ ہر سوال کے 03 نمبر ہیں۔ (15x3=45)**

سوال نمبر1: "ان" کا استعمال مخاطب (جو کہ وقوع شرط کا عالم ہوتا ہے) کو جاہل کے مرتبے میں اتارنے کے لئے بھی ہوتا ہے، وجہ اور مثال ذکر کیجئے۔

سوال نمبر2: "اِنْ اردنَ تحصنا" کہا گیا "اِنْ يُرِدْنَ" کیوں نہیں کہا؟ وجہ بیان کیجئے۔

سوال نمبر3: "إني اباهي بكم الامم يوم القيامة ولو بالسقط" میں کلمہ "لَوْ" کس معنی میں مستعمل ہے؟

سوال نمبر4: ﴿ولو ترى اذ وقفوا على النار﴾ میں خطاب کن کی طرف متوجہ ہے؟

سوال نمبر5: ﴿اياك نعبد واياك نستعين﴾ کا مصنف نے کیا معنی بیان کیا؟

سوال نمبر6: فعل کے بعض معمولات کو بعض پر مقدم کرنے کا اصول ذکر کیجئے۔

سوال نمبر7: "لا فيه ريب" نہ کہنے کی وجہ بیان کیجئے۔

سوال نمبر8: مسند کے فعل ہونے کے فائدے کو ذکر کیجئے۔

سوال نمبر9: مفعول کو اختصاراً حذف کرنے کی مثال سپرد قلم کیجئے۔

سوال نمبر10: فعل مشیئت کے مفعول کو کیوں حذف کیا جاتا ہے؟ وجہ تحریر کیجئے۔

سوال نمبر11: "زيد اعرفته" کتنے اور کون کون سے معانی کا احتمال رکھتا ہے؟

سوال نمبر12: "زيد قائم لا قاعد" کس قصر کی مثال ہے؟

سوال نمبر13: حرف نفی اور استثناء کے ذریعے قصر افراد کی مصنف نے کون سی مثال دی؟

سوال نمبر14: ظرف کے فعل کے ساتھ مقدر ہونے کی وجہ کیا ہے؟

سوال نمبر15: "تَمِيْمِيٌّ أَنَا" مثال کی غرض تحریر کیجئے۔

سوال نمبر16: مسند الیہ کے ذکر کی طرف شوق دلانے کی مثال سپرد قلم کیجئے۔

سوال نمبر17: منطقی "ان" اور "لو" کا استعمال کس لئے کرتے ہیں؟

سوال نمبر18: تغلیب کی تعریف بیان کیجئے۔

سوال نمبر19: امام ابن حاجب نے کہا: "انتفاء السبب لا يدل على انتفاء المسبّب" امام ابن حاجب نے اس کی دلیل کیا ذکر کی؟

سوال نمبر20: "إن" اور "إذا" کی اصل تحریر کیجئے۔

## طویل سوالات (Long Questions)

**نوٹ: کل 03 سوالات کا حل مطلوب ہے۔ ہر سوال کے 10 نمبر ہیں۔ (3x10=30)**

سوال نمبر1: (وأما تقييد الفعل) وما يشبهه من اسم الفاعل والمفعول وغيرهما (بمفعول) مطلق أو به أو فيه أو له أو معه (ونحوه) من الحال والتمييز والاستثناء (فلتربية الفائدة) لأن الحكم كلما زاد خصوصا زاد غرابة وكلما زاد غرابة زاد افادة كما يظهر بالنظر إلى قولنا: ((شيء ما موجود)) و((فلان بن فلان حفظ التوراة سنة كذا في بلدة كذا)). عبارت مذکورہ کی غرض بیان کیجئے۔

سوال نمبر2: مسند کو نکرہ لانا کتنی اور کون کون سی اغراض کے لیے ہوتا ہے؟

سوال نمبر3: وہ فعل متعدی جس کی اسناد فاعل کی طرف ہو، اس کے ساتھ مفعول بہ کو ذکر نہ کرنے کی غرض و مثال تحریر کیجئے۔

سوال نمبر4: مضارع کو ماضی کے مرتبہ میں کب اور کیوں اتارا جاتا ہے؟ مثال سے واضح کیجئے۔

سوال نمبر5: مسند سببی کی تعریف اور مثال ذکر کیجئے نیز بتایئے کہ ماتن نے صرف مسند سببی کی مثال پر ہی اکتفا کیوں کیا؟

KANZUL MADARIS BOARD

رول نمبر: ____________

دستخط اُمیدوار: ___________

**سالانہ امتحان 2025ء/1446ھ**

کنزالمدارس بورڈ انٹرنیشنل

درجہ: **عالیہ سال اول**    پرچہ: **آٹھواں**    مضمون: **البلاغة**

تاریخ: **12-02-2025**    دن: **بدھ**    کل وقت: **30 منٹ**    کل نمبر: **25**

امتحانی سنٹر: ____________ دستخط نگران امتحانی سنٹر: ____________ دستخط مفتش: ____________

# حصہ اول: معروضی

## کثیر الانتخابی سوالات (MCQ's)

**نوٹ: تمام سوالات کا حل مطلوب ہے۔ ہر سوال کا 01 نمبر ہے۔ (25x1=25)**

سوال نمبر 1: مسند کے حذف کے لیے ۔۔۔ کا ہونا ضروری ہے۔

(الف) فاعل    (ب) قرینہ    (ج) مسند الیہ    (د) کوئی نہیں

سوال نمبر 2: فعل کو مفعول اور اس کے ہم نظائر سے مقید کرنا ۔۔۔ کے لیے ہوتا ہے۔

(الف) اطلاق    (ب) فائدہ بڑھانے    (ج) تمیز    (د) استثناء

سوال نمبر 3: ﴿فَصَبْرٌ جَمِيْلٌ﴾ میں ۔۔۔ کا احتمال ہے۔

(الف) حذف مسند الیہ    (ب) ذکر مسند    (ج) ذکر مسند الیہ    (د) ان میں سے کوئی نہیں

سوال نمبر 4: "زَيْدٌ قَامَ اَبُوْهُ" ۔۔۔ کی مثال ہے۔

(الف) مسند سببی    (ب) مسند    (ج) تقویت حکم    (د) عدم تقویت حکم

سوال نمبر 5: اہل عرب کے عرف میں شرط حکم جزاء کے لیے ۔۔۔ ہوتی ہے۔

(الف) مسند    (ب) خبر    (ج) قید    (د) مسند الیہ

سوال نمبر 6: ۔۔۔ کے نزدیک "كلما كانت الشمس طالعة فالنهار موجود" میں محکوم علیہ طلوع شمس ہے۔

(الف) منطقیوں    (ب) اہل عرب    (ج) بلغاء    (د) اصولیوں

سوال نمبر 7: ۔۔۔ کو بطورِ استعمال لفظ ماضی کے ساتھ غلبہ دیا گیا ہے۔

(الف) ان    (ب) اذا    (ج) لو    (د) الف اور ب

سوال نمبر 8: ﴿وان كنتم في ريب مما نزلنا على عبدنا﴾ ۔۔۔ کی مثال ہے۔

(الف) توبیخ    (ب) تغلیب    (ج) قلب    (د) الف اور ب

سوال نمبر 9: تعلیق زمانہ ۔۔۔ میں ہوتی ہے۔

(الف) ماضی    (ب) تکلم    (ج) مستقبل    (د) مذکورہ تینوں

سوال نمبر 10: "عمرو وإنْ اعطى جاها لئيم" میں "إنْ" ۔۔۔ مستعمل ہے۔

(الف) شرطیہ    (ب) وصلیہ    (ج) مخففة من المثقلة    (د) نافیہ

سوال نمبر 11: "فإني وقيار بها الغريب" ۔۔۔ کی مثال ہے۔

(الف) ذکر مسند الیہ    (ب) ذکر مسند    (ج) حذف مسند    (د) حذف مسند الیہ

سوال نمبر 12: "إِنَّ مَحَلًّا وَإِنَّ مُرْتَحَلًا" ۔۔۔ کی مثال ہے۔

(الف) حذف مسند    (ب) ظرف    (ج) حذف مسند الیہ    (د) الف اور ب

سوال نمبر13:"كُلَّمَا وَرَدَتْ عُكاظ قَبِيْلَةٌ"میں"عُكاظ"---ہے۔

(الف)شہر (ب)عقاب (ج)قبیلہ (د)ایک بازار

سوال نمبر14:مفعول کے ہم نظائر---ہے۔

(الف)حال (ب)تمیز (ج)استثناء (د)مذکورہ تینوں

سوال نمبر15:مسند کا فعل ہونا اسے---کے ساتھ مقید کر دیتا ہے۔

(الف)حال (ب)ماضی (ج)مستقبل (د)تینوں زمانوں میں سے ایک کے ساتھ

سوال نمبر16:"ينسب الفعل إلى واحد والمراد غيره" یہ---کی تعریف ہے۔

(الف)تاکید (ب)تغلیب (ج)تعریض (د)تعلیق

سوال نمبر17:---کلام اللہ میں صرف حکایت کے طور پر یا تاویل کی قسم کے طور پر استعمال ہوتا ہے۔

(الف)إنْ (ب)إذَا (ج)لَوْ (د)مَنْ

سوال نمبر18:و قد تستعمل" إنْ"فی مقام الجزم بوقوع الشرط---

(الف)تعمدا (ب)تنبيها (ج)تجاهلا (د)تقابلا

سوال نمبر19:﴿أَنْ كُنْتُمْ قَوْمًا مُسْرِفِيْنَ﴾میں"أَنْ"کو---بھی پڑھا گیا ہے۔

(الف)أَنَّ (ب)أُنْ (ج)إنْ (د)إنَّ

سوال نمبر20:"عُمَرَيْنِ"---کے لیے بولا جاتا ہے۔

(الف)عمرو علی (ب)ابو بکر و عمر (ج)عمر و عثمان (د)ابو بکر و عثمان رضی اللہ عنہم

سوال نمبر21:۔"ولكونهمااى:---لتعليق امرهوحصول مضمون الجزاءلغيره"

(الف)إن و إذا (ب)إذا و لَو (ج)إن و لَو (د)ليس منها

سوال نمبر22:"زَيْدٌ وان كثرمَالُهُ بَخِيْلٌ"میں"إنْ"---مستعمل ہے۔

(الف)شرطیہ (ب)وصلیہ (ج)مخففة من المثقلة (د)نافیہ

سوال نمبر23:﴿لَئِنْ أَشْرَكْتَ لَيَحْبَطَنَّ عَمَلُكَ﴾اس مثال میں مخاطب---ہیں۔

(الف)نبی علیہ السلام (ب)صحابہ کرام رضی اللہ عنہم (ج)امت محمدی علیہ السلام (د)کفار

سوال نمبر24:﴿لَو يُطِيعُكُم فِي كَثِيرٍ﴾میں"لَوْ"کا مضارع پر دخول---میں وقتاً فوقتاً استمرار فعل کے لیے ہے۔

(الف)زمانہ ماضی (ب)زمانہ حال (ج)زمانہ مستقبل (د)ب اور ج دونوں

سوال نمبر25:"مازيد شيئا"میں"شيئا"اسم نکرہ کو---کے لیے استعمال کیا گیا ہے۔

(الف)عدم حصر (ب)تفخیم (ج)تحقیر (د)عدم عہد